سوال

(458)شادی شدہ زانی کی حد

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

(1)اپنی حقیقی لڑکی سے ہمبستری کرلی حالانکہ اس کی بیوی موجود ہے جوکہ حقیقی لڑکی کی والدہ ہے اب زانی مذکور شخص کے نکاح پر کیا اثر پڑا اگر مذکور شخص کی بیوی بوجہ زنا کے مطلقہ ہوگئی ہو تو دوبارہ گھر میں آباد رکھنے کی کیا صورت ہوگی؟

(2)ایک شخص نے اپنی حقیقی ساس سے ہمبستری کرلی حالانکہ اس کی بیٹی موجود ہے اب اس مذکور زانی کے نکاح پر کیا اثر پڑا اگر زانی کی عورت بوجہ زنا کے مطلقہ ہوگئی ہو تو دوبارہ گھر میں آباد رکھنے کی کیا صورت ہوگی؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جناب کی دونوں مسئولہ صورتوں میں زانی شادی شدہ ہے جیسا کہ سوال کی عبارت سے واضح ہے اور سب جانتے ہیں کہ اسلام میں ایسے شخص کی سزا رجم ہے امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ کا نظریہ ''فَلَاحَدَّ عَلَيْهِ'' محرمات ابدیہ سے نکاح کرنے کے بعد وطی کرنے والوں کے متعلق ہے آپ کے سوال میں ذکر کردہ صورتوں کے متعلق نہیں ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام ومسائل

نکاح کے مسائل ج1ص322

محدث فتویٰ